4

یہ کلمات پڑھنے والے کو 4 غلام آزاد کرنے کا ثواب ملتا ہے اور تمام دِن رات میں ہر خطرناک چیز اور شیطان کے خلاف اُسکا بچاؤ ہوجاتا ہے۔

10 مرتبہ صبح

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحۡدَهٗ لَا شَرِيۡکَ لَهٗ ، لَهُ الۡمُلۡکُ وَلَهُ الۡحَمۡدُ وَهُوَ عَلٰى کُلِّ شَیۡءٍ قَدِيۡرٌ

نہیں کوئی معبود مگر اللہ ، وہ اکیلا ہے، نہیں کوئی شریک اُسکا، اُسی کی بادشاہی ہے، اور اُسی کے لئے سب تعریفیں ہیں، اور وہ ہر شے پر پوری طرح قدرت رکھتا ہے۔

[مُسلم:6844، سُنن ابی داؤد:5077]

نوٹ ہر روز 100 بار پڑھنا اَفضل ترین عمل ہے ۔

[بُخاری:6403، مُسلم:6842]

5

یہ کلمات پڑھنے والے کے سارے گناہ معاف کردیئے جائیں گے اگرچہ وہ شخص میدانِ جنگ سے (بزدلی دِکھا کر) بھاگ چکا ہو۔

اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰهَ الَّذِیۡ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الۡحَیُّ الۡقَيُّوۡمُ وَاَتُوۡبُ اِلَيۡهِ

میں اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں، نہیں کوئی معبود مگر وہ، خود سے زندہ، ہر چیز کو قائم رکھنے والا ہے اور میں اُسی کی طرف توبہ کرتا ہوں۔

3 مرتبہ صبح

[جامع ترمذی:3577، سُنن ابی داؤد:1517]

6

یہ کلمات پڑھنے والے پر جنت واجب ہوجائیگی اور قیامت والے دِن اللہ اُسے خوش کر دے گا۔

[سُنن ابی داؤد:5072، مُسندِ احمد:18990]

رَضِيۡتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالۡاِسۡلَامِ دِيۡنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِيًّا

راضی ہوں میں اللہ کے رب ہونے پر، اور اسلام کے دین ہونے پر، اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نبی ہونے پر ۔

3 مرتبہ صبح